(1)پولنگ ایجنٹ کی ذمہ داریاں

پولنگ سے قبل ذمہ داریاں

1. امیدوار کی طرف سے اتھارٹی لیٹر کا حصول
2. ووٹرز لسٹ کا حصول
3. میڈیا چینلز کے رپوٹرز کے فون نمبرز حاصل کرنا
4. اپنی پارٹی کے ذمہ داران اور الیکشن ایجنٹ کے نمبرز حاصل کرنا
5. اپنے پولنگ سٹیشن کا ایک دن پہلے وزٹ کرنا
6. پولنگ ایجنٹ کٹ کی وصولی۔(امیدوار پر لازم ہے کہ وہ ہر پولنگ ایجنٹ کو یہ کٹ فراہم کرے)
   - i. سادہ کاغذ
   - ii. دوعدد پین(Lead Pencil, Bal Pen)
   - iii. فٹ(پیمانہ)
   - iv. کاربن پیپر
   - v. ووٹر پر اعتراض فارم
   - vi. فارم 14
   - vii. ووٹر لسٹ
   - viii. ایک عدد ٹارچ یا موم بتی وماچس(گنتی کے دوران لوڈشیڈنگ کی صورت میں)
   - ix. فارم14 کی کاپیاں
   - x. فارم15 کی کاپیاں
7. فارم14 اور فارم15 سے متعلق جملہ معلومات جاننا۔

پولنگ کے دوران ذمہ داریاں

1. ووٹنگ شروع ہونے سے کم از کم دو گھنٹے قبل پولنگ سٹیشن پہنچنا۔
2. بیلٹ باکس کے لاک اور پولنگ لٹریچر پر لگی ہوئی مہر اور ان کے کوڈز کو دیکھنا اور نوٹ کرنا۔
3. پولنگ سے متعلقہ تمام سامان کو کھلتے ہوئے دیکھنا اور متعلقہ فارمز پر دستخط کرنا۔
4. ووٹنگ شروع ہونے سے قبل بیلٹ بکسوں کے خالی ہونے کی تسلی کرنا اور سیل ہونے کے بعد سیل نمبر کوڈ کرنا۔
5. پولنگ کے دوران ایسی نشست گاہ حاصل کرنا جہاں سے اپنے فرائض بہتر ادا کر سکے اور بیلٹ بکس آپ کے سامنے رہے۔
6. پریذائیڈنگ آفیسر کے ذریعے مقررہ وقت پر ووٹنگ کا آغاز کروانا۔

7. پولنگ کے دوران ووٹرز کے ناموں اور چہرے کی شناخت کرنا۔

8. پولنگ اسٹیشن پر مہیا کردہ تصویر والی انتخابی فہرست استعمال کروانا۔

9. ووٹ ڈالنے کے لیے آنے والے ہر شخص کا نام اور سلسلہ نمبر (انتخابی فہرست میں درج شدہ) سننا اور اپنی ووٹر لسٹ سے کاٹنا۔

10. کسی اور شخص کی جگہ ووٹ ڈالنے والے یا نااہل شخص کے ووٹ کو چیلنج کرنا۔

11. موٹر سائیکل کے نشان والے متنازعہ ووٹس کو ہر صورت درست قرار دلوانے کی کوشش کرنا۔

12. مقررہ وقت پر پولنگ کا اختتام کروانا۔

13. پولنگ بوتھ پر ڈالے جانے والے تمام ووٹس کا ٹوٹل کرنا تاکہ حتمی نتیجہ کے وقت تعداد میں کمی بیشی نہ ہو سکے۔

پولنگ کے بعد ذمہ داریاں

1. بیلٹ باکسز کو ایک جگہ پر اکٹھا کروانا۔

2. بیلٹ باکسز کی سیل کے کوڈ کا جائزہ لینا (کیا جس سیل کوڈ کے مطابق بند کیا تھا وہی کوڈ ہے)۔

3. مسترد ووٹ، چیلنج ووٹ اور امیدوار کے ووٹوں کی گنتی کا صحیح جائزہ لینا۔

4. اس امر کا جائزہ لینا کہ مسترد ووٹوں کو پریزائیڈنگ آفیسر نے الگ پیک کیا ہے۔

5. گنتی کے بعد پریزائیڈنگ آفیسر کے دستخط کے ساتھ فارم نمبر 14 کی کاپی کا حصول۔

6. گنتی مکمل ہونے پر نتائج کی کاپی باہر نمایاں جگہ پر چسپاں کروانا۔

7. فارم 14 کو جلد از جلد امیدوار کے مرکزی الیکشن آفس بھجوانا۔

8. ٹیمپر ایویڈنٹ بیگ سیل کرنے کے بعد اس پر لکھا ہوا کوڈ وصول کرنا۔

9. الیکشن کے عملے کے جانے تک پولنگ سٹیشن میں موجود رہنا۔